## برطانیہ کے شہر رگبی کے سابق میئر جیمز شیرا کو بیڈفورڈ شائر یونیورسٹی کی جانب سے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری ملنے پر الطاف حسین کی مبارکباد

## ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری نہ صرف جیمز شیرا کی سماجی خدمات کا اعتراف ہے بلکہ پاکستانی کمیونٹی کیلئے بھی باعث اعزاز ہے۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔23 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے برطانیہ کے شہر رگبی کے سابق میئر اور ممتاز سیاسی وسماجی شخصیت جیمز شیرا کو بیڈفورڈ شائر یونیورسٹی کی جانب سے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری ملنے پر انہیں دل کی گہرائیوں سے زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جیمز شیرا برطانیہ میں آباد مختلف کمیونیٹیز کو قریب لانے اور تعلیم اور سماجی شعبوں میں جو بہترین خدمات انجام دے رہے ہیں وہ لائق تحسین ہیں اور بیڈفورڈ شائر یونیورسٹی کی جانب سے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری نہ صرف جیمز شیرا کی سماجی خدمات کا اعتراف ہے بلکہ برطانیہ میں آباد پاکستانی کمیونٹی کیلئے بھی باعث اعزاز ہے۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری ملنے پر جیمز شیرا کو زبردست مبارکباد پیش کی ہے اور یقین ظاہر کیا کہ جیمز شیرا اپنی سماجی خدمات کا یہ سلسلہ جاری رکھیں گے۔

## حق پرست ناظمین نے جو کام کئے وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کا عملی پرچار ہے، ممبر رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب

## حق پرست عوام آئندہ بلدیاتی انتخابات میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نمائندوں کو بھاری اکثریت سے منتخب کریں گے، زونل انچارج حیدرآباد محمد شریف

## کراچی اور حیدرآباد کے دیگر شہروں کی ترقی قائد تحریک الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت اور شہداء کی قربانیوں کی مرہون منت ہے، کنور نوید جمیل

## ضلع ناظم حیدرآبا، نائب ضلع ناظم، تعلقہ ناظمین اور کونسلرز کا ایم کیو ایم حیدرآباد زونل آفس پر پرتپاک استقبال

حیدرآباد۔۔۔23 /فروری 2010ء

حق پرست ضلع ناظم و نائب ناظم، تعلقہ یوسی ناظمین و کونسلرز کا متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زونل آفس پر پرتپاک استقبال کیا گیا اور ان پر گلپاشی کی گئی اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب، شاکر علی، ISTC کے ارکان انور سلیم، وحید احمد زونل انچارج محمد شریف اراکین زونل کمیٹی صابر قریشی، محمد فاروق، ڈاکٹر طاہر خانزادہ، خالد حسین، ڈاکٹر افضال، فیروز خانزادہ، رئیس حیدر، توحید احمد، راشد خلجی، صلاح الدین، مبین شیخ، رسول بخش میمن، حق پرست ضلع ناظم کنور نوید جمیل، نائب ناظم ظفر راجپوت، تعلقہ ناظمین صابر قائم خانی، جلیل الرحمان، صوبائی وزیر زبیر احمد خان اراکین صوبائی اسمبلی اکرم عادل، وسیم حسین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر زونل آفس پر جمع ہونے والے ناظمین کونسلرز، سیکٹرز، یونٹس کے ذمہ داران و کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فلسفے کی روشنی میں حق پرست ناظمین نے جو کام کئے وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کا عملی پرچار ہے اور حق پرست نمائندوں نے اپنے چار سالہ دور میں بے مثال ترقیاتی کام کئے جس کی مثال حیدرآباد کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ا۔ زونل انچارج محمد شریف نے کہا کہ حیدرآباد کی تعمیر وترقی کیلئے حق پرست نمائندوں نے جو کردار ادا کیا وہ قابل تعریف ہے اور حیدرآباد کی تعمیر وترقی پر ہم سب کارکنان اور حق پرست عوام قائد تحریک الطاف حسین کے نہ صرف تہہ دل سے شکر گزار ہیں اور انکے نمائندوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ حق پرست ضلع ناظم کنور نوید جمیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی اور حیدرآباد کے دیگر شہروں کی ترقی قائد تحریک الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت اور شہداء کی قربانیوں کی مرہون منت ہے ۔قبل ازیں حق پرست ضلع ناظم کنور نوید جمیل نے ناظمین و کونسلرز کے ہمراہ پکا قلعہ میں نماز شکرانہ ادا کی اور حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور پھول چڑھائے و فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں سخی عبدالوہاب شاہ جیلانی کی مزار پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔

## پنجاب کے تعلیمی بورڈز کے ملازمین کے جائز مطالبات پر فی الفور توجہ دی جائے۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور چوہدری علی حسین کا حکومت پنجاب سے مطالبہ

## تعلیمی بورڈز کے ملازمین کی گرفتاریاں بند کی جائیں اور گرفتار شدگان کو رہا کیا جائے

لاہور۔۔۔23 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوااور چوہدری علی حسین نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب کے تعلیمی بورڈز کے ملازمین کے جائز مطالبات پر فی الفور توجہ دی جائے ۔اپنے ایک بیان میں اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب کے تعلیمی بورڈز کے ملازمین کا احتجاج چودہ روز سے جاری ہے لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ ملازمین کے جائز مطالبات پر توجہ دینے کے بجائے انکے احتجاج کو دبانے کیلئے ملازمین کی گرفتاریاں کی جارہی ہیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوااور چوہدری علی حسین نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ تعلیمی بورڈز کے ملازمین کے جائز مطالبات کو حل کیا جائے ،ملازمین کی گرفتاریاں بند کی جائیں اور گرفتارشدگان کو رہا کیا جائے ۔

## ایم کیوایم کے کیم ونگ کے رکن میثم کے ماموں حیدر رضا کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس
## اے آر وائی کے نان لینئر ایڈیٹر عارف خان کے قتل پر جناب الطاف حسین کی مذمت

لندن۔۔۔23،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کیم ونگ کے رکن میثم کے ماموں اور فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے سابق یونٹ انچارج آصف رضا کے چھوٹے بھائی حیدر رضا کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے ۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے اے آر وائی کے نان لینئر ایڈیٹر عارف خان کی موبائل چھیننے کی وارادات کے دوران ہلاکت کی بھی مذمت کی ہے اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی ہے ۔

## سجاول کے قریب کاروں کے حادثے میں مگسی قبیلے کے چھ افراد کے جاں بحق ہونے پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس
## جسقم کے چیئر مین بشیر خان قریشی کے 16 سالہ صاحبزادے سنان قریشی کے زخمی ہونے پر جناب الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔23،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قمبر شہداد کوٹ کی ضلع تحصیل سجاول کے قریب دو کاروں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں مگسی قبیلے کے چھ افراد کے جاں بحق ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔جناب الطاف حسین نے حادثہ میں زخمی ہونے والے جسقم کے چیئر مین بشیر خان قریشی کے 16 سالہ صاحبزادے سنان قریشی کے زخمی ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سنان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ۔

## ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ کے زونل انچارج وارکین نے سجاول کے قریب دو کاروں کے تصادم میں زخمی ہونے والے جسقم کے چیئر مین بشیر قریشی کے صاحبزادے اور دیگر زخمیوں کی عیادت کی

قمبر شہداد کوٹ ۔۔۔23،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قمبر شہداد کوٹ کے زونل انچارج واراکین کمیٹی نے سجاول کے قریب دو کاروں کے تصادم میں زخمی ہونے والے جسقم کے چیئر مین بشیر خان قریشی کے صاحبزادے سنان قریشی سمیت دیگر زخمیوں کی چانڈ کا میڈیکل اسپتال جا کر عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زخمیوں سے ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی خیریت دریافت کی ۔زونل انچارج واراکین کمیٹی نے سنان قریشی اور دیگر زخمیوں کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی ۔

## ملتان کے علاقے قاسم پور کالونی کی معروف سماجی شخصیت رانا صابر کی سربراہی میں سو سے زائد نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ میں شمولیت
## ایم کیوایم غریب و متوسط طبقے پر مشتمل منظم اور مضبوط جماعت ہے ،سینئر ڈاکٹر عبد الخالق پیرزادہ

## قاسم پور کالونی میں ایم کیو ایم لوئر پنجاب زون کے تحت منعقدہ اجتماع سے خطاب

ملتان۔۔۔23،فروری2010ء

ملتان کے علاقے قاسم پور کالونی کی معروف سماجی شخصیت رانا صابر کی سربراہی میں سو سے زائد نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے جاری عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے ایم کیو ایم لوئر پنجاب زون کے تحت قاسم پور کالونی میں منعقدہ اجتماع میں کیا۔ اجتماع میں حق پرست سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ اجتماع میں گل زیب کالونی اور شاہ شمس کالونی کے معززین، ایم کیو ایم لوئر پنجاب زون کے جوائنٹ انچارج جاوید اقبال چیمہ، زونل کمیٹی کے رکن راؤ محمد خالد، ڈسٹرکٹ جوائنٹ انچارج ملتان ڈاکٹر اکرم علی، رکن ڈسٹرکٹ کمیٹی راشد ہاشمی بھی موجود تھے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب و متوسط طبقے پر مشتمل منظّم اور مضبوط جماعت ہے جو برسوں سے ملک پر قابض 2 فیصد مراعات یافتہ جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ داروں کے خلاف برسر پیکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے اپنے منشور کے مطابق ثابت کردیا ہے کہ یہی جماعت ملک کے 98 فیصد مظلوم عوام کی نمائندگی کررہی ہے جس سے 2 فیصد موروثی سیاست کے علمبردار خوفزدہ ہیں اور ایم کیو ایم کو بدنام کرنے کیلئے مختلف اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام میں ایم کیو ایم کے خلاف پھیلائے جانے والے منفی پروپیگنڈوں کا اثر زائل ہو چکا ہے اور اب پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں ایم کیو ایم ہی ملک و قوم کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتی ہے۔ انہوں نے قاسم پور کالونی کی معروف سماجی شخصیت رانا صابر کی سو ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## لاکھڑا تھرمل پاور ہاؤس کی 3 ماہ سے بندش کا نوٹس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی
## حکومت بجلی پیدا کرنے والے اداروں پر خصوصی توجہ دے

کراچی۔۔۔23،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے لاکھڑا تھرمل پاور ہاؤس کی 3 ماہ سے بندش پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ حکومت بجلی پیدا کرنے والے اداروں پر خصوصی توجہ دے اور اس سلسلے میں لاپروائی کے مرتکب افراد کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کا بحران پہلے ہی شدت اختیار کرتا جارہا ہے اور عوام آئے روز بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے تنگ آچکے ہیں اور ایسے میں لاکھڑا تھرمل پاور ہاؤس کی تین ماہ سے بندش، حکومت کو ہونے والے اربوں روپے کے نقصان کے باوجود اور اس کی بحالی کیلئے کوئی اقدامات بروئے کار نہ لانا باعث تشویش ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ لاکھڑا تھرمل پاور ہاؤس کی 3 ماہ سے بندش کا نوٹس لیا جائے اور تمام خرابیاں دور کرکے ادارے کو فی الفور بجلی پیدا کرنے کے قابل بنایا جائے۔

## اتفاق کالونی ملیر ٹاؤن یوسی 6 کی کچھی کمیونٹی کے درجنوں افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔23،فروری2010ء

اتفاق کالونی ملیر ٹاؤن یوسی 6 کی کچھی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے درجنوں نوجوانوں اور بزرگوں نے ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان کچھی کمیونٹی کے افراد نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کراچی ومضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر اور رکن سید معین الدین سے ملاقات میں کیا اس موقع پر ایم کیو ایم اولڈ ملیر مراد میمن سیکٹر کمیٹی کے ارکان اور یونٹ کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے کچھی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا کہ ملک بھر کے عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی مدبرانہ اور مفاہمت کی پالیسی جان چکے ہیں کہ جناب الطاف حسین ہی وہ شخصیت ہیں جو ملک کے تمام مسائل حل کروانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملکی سطح پر جمہوریت کے فروغ کے لئے ہر ممکن تعاون کیا ہے اور باشعور لوگ ان کے اس اقدامات کو قدر کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں۔ ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر نے کچھی کمیونٹی کے افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم میں ہر قومیت، مذہب اور برادریوں سے تعلق رکھنے والوں کی جوق در جوق شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیو ایم ملک کی مقبول ترین جماعت بنتی جارہی ہے۔

## گہوارۂ ادب کے تحت طالبات کیلئے تقریری مقابلہ کا انعقاد 25 فروری جمعرات کو کیا جائیگا

کراچی۔۔۔23/فروری 2010

ٓآل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے ادبی شعبہ گہوارہ ادب کے تحت مورخہ 25 فروری جمعرات کو بمقام جناح یونیورسٹی میں تقریری مقابلہ باعنوان سیرت النبیؐ کا انعقاد کیا جارہا ہے اس تقریری مقابلے میں کراچی کے تمام جامعات وکالجز کی طالبات حصہ لے رہی ہیں جس میں مہمانانِ گرامی میں صوبائی وزیر انسانی حقوق نادیہ گبول صاحبہ سابق سٹی نائب ناظمہ نسرین جلیل صاحبہ اور رکن صوبائی اسمبلی زرین مجید صاحبہ بھی شرکت کریں گیں اس تقریری مقابلہ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں اسناد تقسیم کی جائیں گیں۔

## ٹیکنیکل نمائش کے انعقاد سے طلبہ کو اپنی فنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کا موقع ملتا ہے، خواجہ اظہار الحسن

## طلبہ معاشرے کی تبدیلی میں انقلابی کردار ادا کرتے ہیں،

## رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید کا اے پی ایم ایس او کے تحت ٹیکنیکل نمائش وکتب میلے کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔23 فروری 2010ء

ٹیکنیکل نمائش کے انعقاد سے طلبہ کو اپنی فنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کا موقع ملتا ہے، یہ بات حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن نے کہا ہے کہ اے پی ایم ایس او سیکٹر سی کے تحت پی سی لان نزدیک ہومیو پیتھک کالج میں ٹیکنیکل نمائش وکتب میلے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، تقریب سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری عمران معین اور مرکزی کابینہ کے رکن توصیف اعجاز اور سیکٹر سی کے سیکٹر آرگنائزر واراکین سیکٹر کمیٹی و یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان سمیت مختلف کالجز کے اساتذہ کرام اور طلبہ کی کثیر تعداد موجود تھی۔خواجہ اظہار الحسن نے کہا کہ طلبہ ٹیکنیکل نمائش میں حصہ لے کر تعلیمی میدان میں اپنا مثبت کردار ادا کرتے ہیں اور نئے آنے والے طلبہ کو ایسی نمائش میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیئے کیونکہ طلبہ باشعور معاشرے کی عکاسی کرتے ہیں طلبہ کا نوجوان طبقہ کسی بھی قوم اور ملک کے مستقبل کا معمار ہوتے ہیں یہ طبقہ اگر علم کے زیور سے آراستہ نہ ہو تو ایسی قومیں نہ صرف ترقی کے میدان میں پیچھے رہتی ہیں بلکہ ترقی یافتہ ممالک کے رحم وکرم پر زندہ رہتی ہیں ایسی نمائشوں کے ذریعے طلباء کو ذہنی سوچ وفکر کو بروئے کار لانے کا موقع ملتا ہے۔عبدالمعید نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکنیکل نمائش کے انعقاد پر مختلف کالجز کے طلبہ نے اپنی فنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے اور متعلقہ شعبوں کے فنی پروجیکٹس کے نمونے اسٹال پر رکھے ہیں جسے مجھ سمیت اساتذہ کرام اور طلبہ نے کافی سراہا۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او ہر دور میں علم کی اہمیت وافادیت کو فوقیت دیتی رہی ہے تمام طلبہ کو چاہیئے کے وہ اپنی تعلیم وتربیت پر توجہ دیکر اپنا اور اپنے ملک کا مستقبل روشن بنائیں۔انہوں نے اس پروگرام کے انعقاد پر کو دلی مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے جوائنٹ سیکرٹری عمران معین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ویژن کے مطابق طلبہ کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے، یہی وجہ ہے کہ طلبہ میں تعلیمی ماحول کو فروغ دینے کیلئے نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کا انعقاد کرتی آرہی ہے جس کی جتنی تعریف کی جائے وہ کم ہے۔طلبہ کو چاہیئے کہ وہ اس طرح کی سرگرمیوں میں آگے بڑھ کر حصہ لیں اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆☆